پُرسکون شور، بچوں کی تربیت، سعیِ مسلسل، خاموش کارکن، بچے کی پسندیدہ چیزیں - ان دیکھی پناہ، مقامِ عبرت، گھر میں اجنبی ادب، مولوی اور مسلمان، غنڈے اور مسجد - میرا جنازہ، پُرعظم بیٹا - خدا کا کھاتہ - امّی اور خون - اپنی ہی نیکی وغیرہ -

غرض اسی طرح کے عنوانات کے تحت جناب اسعد گیلانی نے تمام کتاب میں علم و ادب کے جواہر بکھیرے ہیں جن کو چن کر سیرت و کردار کی تعمیر میں بے حد مدد مل سکتی ہے - کتاب کے آخر میں تین دلچسپ تمثیلات بھی شامل کر دی گئی ہیں جن سے اس کی خوبیوں میں اور اضافہ ہو گیا ہے -

ہمارے نزدیک یہ کتاب ہر لحاظ سے مطالعہ کے لائق ہے، اس کا مطالعہ نہ صرف انشراحِ قلب کا باعث ہو گا بلکہ اصلاحِ معاشرہ اور تعمیرِ سیرت میں بھی ممد و معاون ثابت ہو گا (طالب ہاشمی)

(۹)

کتاب	عربی خط و کتابت کورس (جدید عربی ایڈیشن)
تالیف و ترتیب	مولانا عبدالرحمان طاہر سورتی، حافظ نذر احمد
ناشر	عربی خط و کتابت سکول نذر منزل، محمد نگر، علامہ اقبال روڈ - لاہور
قیمت	مبلغ ۳۰/ روپے مع فیس امتحان ۴۰ روپے
سائز و ضخامت	$\frac{۲۰ \times ۳۰}{۱۶}$ ۳۵۰ + ۱۵۰
سفید کاغذ	جلد پیپر بیک

مضمون: زیرِ تبصرہ کتاب دراصل "پیارے نبی کی پیاری زبان" کا دوسرا اضافہ شدہ مبسوط ایڈیشن ہے - اس مرتبہ مؤلفین نے بطورِ خاص ڈاکٹرز، مکینک، انجینئر اور ملازمت پیشہ افراد کے لیے سوا صد صفحات کا خصوصی حصہ شامل کتاب کیا ہے - اس سے بیرونِ ملک جانے والے افرادِ ملت کو بہت سہولت ہو جائے گی -

عربی کورس کا یہ جدید ایڈیشن عازمینِ حج کے لیے بھی بے حد مفید ہو گا کہ وہ مکہ مدینہ والوں سے ان کی زبان میں گفتگو کر سکیں گے، دعاؤں اور عبادت میں لطف محسوس کریں گے -

بنیادی طور پر اس عربی خط و کتابت کورس کا مقصد کا یہ ہے کہ گھر بیٹھے قرآن مجید کا ترجمہ سمجھنے اور آسان عربی میں گفتگو کرنے کی استعداد پیدا ہو جائے -

کورس ۵۵ اسباق پر مشتمل ہے، ہر سبق میں ۸ یا ۱۰ الفاظ ہیں، دو یا تین قاعدے اور اسی قدر مشقیں ہیں - آخر میں تمام مشقوں کے حل موجود ہیں - چند امتحانی پرچے کامیابی سے حل کرنے پر انگریزی

عربی زبان میں سند کی حامل ہو جاتی ہے۔ پانچ ماہ یا اس سے کم مدت میں کورس مکمل ہو جاتا ہے